لنک فلمز کا پیش کردہ

नया ज़माना

نیا زمانہ

ستارے

مالا سنہا۔ پردیپ کمار۔ وینا۔ بدری پرشاد
لیلا مسرا۔ گوپ۔ بے لی نارنگ ادر ڈیزی ایرانی

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

نیا زمانہ کے

گانا نمبر ۱

آیا نیا زمانہ بدلے رنگ زمانہ

سادھو سان اور دھرتی والو ایسا دن آئیگا
اپنا پرایا کا ظلم ارے اپنا یوں کو کھائیگا
جھوٹ کبھی نہ ٹک پائیگا سچائی کے آگے
ٹوٹیں گے چھل اور کپٹ کے اب یہ کچے دھاگے
دھیرج رکھ کیوں گھبراتا ہے اے بھولے انسان
ارے اگر ہاری جاگے تو جاگے بھگوان
گونج رہا ہے کن کن سے اب شکتی بھرا یہ گانا رے
بدلے رنگ زمانہ...

گانا نمبر ۲

آج اس نگری کل اس نگری دھوئیں کی گاڑی اڑائے لیے جائے
آج اس نگری....
کیسا غضب یہ ہے ڈھائے مورے راما
سیّنی سے ساجن چھڑائے لیے جائے
آج اس نگری...
بیرن گاڑی اڑتی جائے من کو چین نہ آئے
سجن کے من کو چین نہ آئے
اپنے سجن سے دور سجنیاں چھم چھم نیر بہائے

بھنیاں چھم چھم نیر بہائے

ارے بنن کا گجرا ہاتھن کا گجرا

سب بکھ یہ بیرن جرائے لئے جائے

آج اس نگری....

پھر کب ملیں رام ہی جانے آج کے بچھڑے ساتھی

آج کے بچھڑے ساتھی

ہے کب لگ بادپیا کی نسدن رہے گی من تڑپاتی

اورا بار ہے گی من تڑپاتی

ارے ہو کتنے ہی آنسو کتنی ہی آہیں

دھوئیں ہیں ظالم چھپائے لئے جائے

آج اس نگری....

گانا نمبر ۳

کہاں جانے ہو ٹوٹا دِل ہمارا دیکھتے جاؤ

کئے جاتے ہو ہم کو بے سہارا دیکھتے جاؤ

کروں تو کیا کروں اب میں تمہاری اس نشانی کو

ادھوری رہ گئی اپنی تمنا دیکھتے جاؤ

کہاں جاتے....

کلی کھلنے بھی نہ پائی بہاریں روٹھ کر چل دیں

دیا قسمت نے کیسا ہم کو دھوکا دیکھتے جاؤ

کہاں جانے...

تمنا تھی نکلے دم ہمارا تیری باہوں میں

ہماری خاک میں ملتی تمنا دیکھنے جاؤ
کہاں جاتے....

گانا نمبر ۴

گھبرا کے محبت کر بیٹھے

غم دل کی قسم ہم تو گھبرا کے محبت کر بیٹھے
کچھ اپنے ہی دل کا اشارہ ملا
کچھ اُن کی نظر کا سہارا ملا
دل اور نظر کے یہ کیسی عنایت کر بیٹھے
غم دل...
کچھ ایسی بڑھیں اپنی تنہائیاں
دل کو بھانے لگی اپنی رسوائیاں
اب کسی سے گلہ کیا کریں جب خود قیامت کر بیٹھے

گانا نمبر ۵

بدلے رنگ زمانہ او بدلے رنگ زمانہ
چاروں اور سے بند ہو گئے آج پیار کے دوار
کسے دکھائیں دُکھ کے آنسو کس سے کریں پکار
گھر میں آج ہوئے ہم بے گھر بدل گیا سنسار
اپنے ہی بن گئے پرائے بھاگ یہ کیسا روٹھا
ایک سہارا تھا اس جگ میں آج ہے وہ بھی ٹوٹا
ٹوٹ گیا رے آج ہمارا مندر رہ گیں سُہانا رے
بدلے رنگ زمانہ...

گانا نمبر ۶

چاند ہنستا تارے کھلے نیل گگن میں دیپ جلے
دُکھ بھری اس دُنیا سے آ تم اور ہم
چھوڑ کے غم دُور چلیں کہیں دُور چلیں
جہاں پہ آئیں ٹھنڈی ہوائیں لے کے ماں کا پیار
بھیا لہرائے جہاں بہن کا اُجڑا ہوا سنسار
تم اور ہم ....
ماں کے بنا گھر سُونا جیسے گلشن بنا بہار
جن پہ ہو نہ ماں کا سایہ بابا کرے نہ پیار
تم اور ہم ...

گانا نمبر ۷

مت رو ناری او سکھ ماری منت بن تو دُکھیاری
تیرے ہردیہ میں جوالا ہے نینوں میں چنگاری
آنکھوں کے پاپی کی دُنیا والے ہنسی اُڑائیں
آج پھونک ایسی جوالا دنیا ہے بھسم ہو جائے
بدلے رنگ زمانہ بدلے رنگ زمانہ
پل میں رُلائے پل میں ہنسائے نہیں اِسکا کوئی ٹھکانا رے

گانا نمبر ۸

ہے جیسے رکھشک سمجھا وہ بھکشک بنا تمہارا
ہو جا کے دیپک کے نیچے میں دیکھا اندھیارا
آج گرہوں کے کھیل میں ہے قسمت کا تیرا ستارہ

آگے بڑھتے پاؤں گے ہوتا ہے دور کنارا
آج ستی کا دھرم گھبراتا ہے دنیا کے اس جال میں
مکاری ہے ہر حرکت چالاکی ہر چال میں
چمک رہی ہے اپنائے کی بجلی گگن وشال میں
آج ہر کھیتا ہے ناری کی پاپ کے اس مجھ بجال میں
مگر اد ناری تو بھارت کی گاتری ادر گیتا
جن اس راہ پہ چل کے امر ہو گئی سیتا
سچ کا دیپک دھرم کی بازی تیری جیت بجھنے نہ رے
گا نا بھولے

جیسی کرنی ویسی بھرنی برا کر یا بھلا کرو
یہ دنیا ہے نقدم نقدی دیکھ سنبھل کر چلا کرو
لاڈ جی ملزم پیش کرو
یہ ہے منشی بانکے لال جیب چھپ کر جو کرے گناہ
اپنے مطلب کی خاطر گھر کسی کا جس نے کیا تباہ
اس اپرادھی اس پاپی کو ملنی چاہیے کڑی سزا
ہاں ملنی چاہیے کڑی سزا
ایک گنہوں سو بار وجو نے کوئی نہ اس پہ دیا کرو
جیسی کرنی ...
لاڈ جی ملزم پیش کرو
یہ ہیں نیاز شنو شری منہ میں رام بغل میں چھری
بیٹی بیٹی کہہ کر پاپی ڈالے ہم پہ بری نظر

اس اپرادھی اس پاپی کو ملنی چاہیے بڑی سزا
ہاں ملنی چاہیے بڑی سزا
منہ کالا کر بٹھا گدھے پر شہر سے اسکو دفعہ کرو
لاڈجی ملزم پیش کرو

یہ ہیں بابو ٹوپی پوش پی کر پھرتے ہیں بے ہوش
راہ چلتی ابلا کو چھیڑیں، انہیں نہیں ماں بہن کی ہوش
اس اپرادھی اس پاپی کو ملنی چاہیے بڑی سزا
ہاں ملنی چاہیے بڑی سزا
لعنت ہے بیٹے والوں پر پیسا سب کو منع کرو
جیسی کرنی...
لاڈجی ملزم پیش کرو
یہ ہیں لالہ دین دیال عمر ہے جن کی پچپن سال
بیٹا بیٹی ہونے جس نے نئی دلہن لی گھر میں ڈال
توڑ کے دل اپنے بچوں کا بی بی کا نت کرے خیال
اس اپرادھی اس پاپی کو ملنی چاہیے بڑی سزا
ہاں ملنی چاہیے بڑی سزا
بچوں کے ایسے دشمن سے دور ہمیشہ رہا کرو
جیسی کرنی...

ختم شد

عملیات تسخیر محبوب عرف

ہمدرد عشاق

اگر آپ کا دل کسی کافر جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہے۔ اور کامیابی کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی۔ منت سماجت کرتے کرتے آپ مایوس ہو چکے ہیں۔ تو آج ہی ہماری یہ کتاب طلب فرمایئے۔ اُس کے بہترین عملیات تیر بہدف ثابت ہو چکے ہیں۔ جن پر عمل کرنے اور اعتقاد رکھنے سے آپ اپنا مقصد ضرور پورا کر سکتے ہیں۔ ہزارہا اشخاص کا بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس کا کوئی عمل کبھی خطا نہیں جاتا۔ آپ اس نادر چیز سے خاطر خواہ فائدہ اُٹھایئے۔

قیمت صرف ۱/۸/ محصولڈاک معاف

اِندرجال

یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے۔ جسکے لئے اردو دان اصحاب ایک مدت سے متجسس تھے۔ ہم نے زرِ کثیر خرچ کر کے اسے شائع کرایا ہے۔

قیمت صرف ۱/۸/ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الآزاد پریس دہلی)